

Jubilee
LIFE INSURANCE

# جوبلی حوّا پلان

آپ کے خوابوں کی تعبیر!

HBL

عورت ہونے کے ناطے آپ اپنے گھر اور نوکری کے درمیان مصروف رہتی ہیں، حالات کا مقابلہ کرتی ہیں اور بدلتی ہوئے ٹرینڈز کے باوجود اپنے خاندان کے ساتھ کھڑی رہتی ہیں۔ آپ اور آپ کی مالی ضروریات منفرد ہیں۔ اپنے مالی معاملات کی پلاننگ کریں اور اپنے اور اپنے خاندان کے مستقبل کے تحفظ کے لئے منصوبہ بندی کریں۔ اس مقصد کے لئے جوبلی لائف انشورنس ایچ بی ایل کی برانچوں سے پیش کر رہا ہے جوبلی حوّا پلان، جو آپ کے لئے ایک بیش قیمت تحفہ ثابت ہوسکتا ہے۔

برائے مہربانی ایچ بی ایل کی نامزد کردہ برانچوں پر موجود جوبلی لائف کے نمائندوں سے رابطہ کر کے اپنی ضروریات کے مطابق مناسب پلان حاصل کریں۔ برانچوں کی تفصیلات www.hbl.com پر دستیاب ہیں۔

## خصوصیات:

| | | |
|---|---|---|
| عمر | کم از کم 18 سال، زیادہ سے زیادہ 50 سال | |
| میچورٹی کے وقت عمر | 75 سال | |
| پالیسی کی مدت | 10 سے 57 سال۔<br>پالیسی 10 سے 57 سال کی مدت تک کبھی بھی جاری رکھی جاسکتی ہے۔ مدت کا انحصار پالیسی ہولڈر کی ضروریات اور پالیسی خریدتے وقت کی عمر پر ہے۔ | |
| کم از کم پریمیئم | سالانہ | 18,000 روپے |
| | ششماہی | 9,000 روپے |
| | سہ ماہی | 4,500 روپے |
| | ماہانہ | 1,500 روپے |
| کور ملٹیپل* | 5 | |
| سم اشورڈ | ریگولر سالانہ بنیادی پریمیئم x کور ملٹیپل | |
| فری لک پیریڈ | پالیسی ہولڈر پالیسی دستاویزات کی وصولی کے 14 دن کے اندر پالیسی کو منسوخ کرواسکتا ہے۔ | |

*شرائط وضوابط لاگو ہیں۔

## تحفظ

نامزد ورثاء کو انتہائی قابلِ قدر تحفظ پیش کیا جاتا ہے جو پالیسی ہولڈر کی ناگہانی موت کی صورت میں فوائد حاصل کرتا ہے۔ ان فوائد میں سم ایشورڈ کے ساتھ ساتھ فنڈ ز کی جمع شدہ کیش ویلیو یا ادا کی گئی پریمیئم میں سے جو بھی زیادہ ہو شامل ہوتے ہیں۔

## پلان کی تکمیل:

منتخب کردہ میعاد کی کامیاب تکمیل پر پالیسی ہولڈر کو فنڈز کی مجموعی کیش ویلیو ادا کی جائے گی۔

## فوائد:

مندرجہ ذیل تحفظ اور سرمایہ کاری جیسے عمومی لاگو فوائد کے علاوہ، جو بلی حوّا پلان آپ کو اضافی فوائد فراہم کرتا ہے اور اس بات کی آزادی دیتا ہے کہ آپ اپنے مقاصد اور مالی استطاعت کے مطابق مختلف بیمہ فوائد میں سے انتخاب کر سکتے ہیں۔

سم اشورڈ اور فوائد کے حصول کے لئے آپ اپنے خاندان میں سے کسی کو اپنے وارث کے طور پر نامزد کر سکتے ہیں۔

## غیر اختیاری ضمنی فائدہ

1۔ شوہر کی حادثاتی موت:

آپ کے شوہر کی بد قسمتی سے 60 سال کی عمر سے پہلے حادثاتی موت کی صورت میں آپ کو مالی پریشانی میں مدد کرنے کے لئے 500,000 روپے تک کی اضافی ادائیگی کی جائے گی۔

## اختیاری فوائد:

1۔ حادثاتی موت:

پالیسی ہولڈر کی حادثاتی موت کی صورت میں نامزد کردہ ورثاء کو ایک اضافی رقم ادا کی جائے گی۔

## اضافی فوائد:

1۔ آٹومیٹک کور مینٹیننس:

دو سال تک پریمیئم کی ادائیگی کے بعد اگر آپ پریمیئم ادا نہ کر پائیں تو بھی آپ لائف انشورنس تحفظ کے اہل ہوں گے، جب تک آپ کے پلان کی کیش ویلیو پالیسی چارجز کی ادائیگی کے لئے کافی ہو۔

2۔ ایڈہاک پریمیئم:

اگر آپ کے پاس کسی بھی مرحلے پر اضافی فنڈز دستیاب ہوتے ہیں تو آپ جو بلی حوّا پلان کے تحت کسی بھی وقت اپنی مرضی کے کسی فنڈ میں سرمایہ کاری کے لئے مختص کر سکتے ہیں۔ ایڈہاک میں سرمایہ کاری سے آپ کی کیش ویلیو میں اضافہ ہوگا۔

## سرمایہ کاری کے مواقع:

### 1۔ پریمیئم ایلوکیشن:

آپ کی سرمایہ کاری کیلئے مختص پریمیئم کی تفصیل درج ذیل ہے:

| پہلا سال | دوسرا سال | تیسرا سال | چوتھے سال اور آگے |
|---|---|---|---|
| 55% | 80% | 90% | 100% |

ایڈ ہاک: 100%

### بونس ایلوکیشن

آپ کی سرمایہ کاری کے لئے مختص بونس درج ذیل ٹیبل میں فراہم کیا گیا ہے۔

| پالیسی سال | بونس ایلوکیشن |
|---|---|
| چھٹے سال اور آگے | 3% |

### 2۔ سرمایہ کاری کے لئے فنڈز کا انتخاب:

جوبلی لائف آپ کو درج بالا ٹیبل کے مطابق آپ کی ادائیگیوں کی آپ کی مرضی کے فنڈز میں جزوی یا مکمل طور پر مختص کرنے کی لچک فراہم کرتی ہے۔

## فنڈز

**مینیجڈ فنڈ:**

مینیجڈ فنڈ کا مقصد متوازن سطح کے وسیع رینج والے شیئرز، حکومتی اور فکسڈ انکم سیکورٹیز اور دیگر کیش ڈپازٹس میں ایسی سرمایہ کاری ہے جس سے سرمائے میں زیادہ سے زیادہ اضافہ ممکن ہو سکے۔

**کیپٹل گروتھ فنڈ:**

کیپٹل گروتھ فنڈ کا مقصد پالیسی ہولڈرز کے لئے اسٹاک کی بنیاد پر زیادہ سے زیادہ منافع کا حصول ہے جس کے لئے مختلف اقسام کے اثاثہ جات پر سرمایہ کاری کی جاتی ہے، جس میں گورنمنٹ سیکورٹیز، ٹرم فنانس سرٹیفکیٹ اور بینک ڈپازٹس شامل ہیں۔

**یقین گروتھ فنڈ:**

یقین گروتھ فنڈ کا مقصد جوبلی لائف کے پالیسی ہولڈرز کو ایسی فکسڈ انکم سیکیورٹیز کا وسیع پورٹ فولیو فراہم کرنا ہے جس میں ایکویٹی کا کوئی اثر نہ ہو۔ یقین گروتھ فنڈ ایسے افراد کے لئے مناسب ہے جو ڈیبٹ سیکیورٹیز کے زیرِ اثر سرمایہ کاری سے منافع حاصل کرنا چاہتے ہیں۔

آپ کے پریمیم، بطور ڈیفالٹ، جوبلی لائف انشورنس کے یقین گروتھ فنڈ میں مختص کیے جائیں گے۔ یہ مختلف منی مارکیٹ اور سرکاری قرضوں کی سیکیورٹیز کے متنوع پورٹ فولیو میں سرمایہ کاری کر کے کم سے کم خطرے کے ساتھ، درمیانی مدت سے طویل مدتی تک مسابقتی منافع پیش کرتا ہے اور اس میں ایکویٹی سیکیورٹیز میں کوئی سرمایہ کاری نہیں ہے۔

تاہم، آپ کے پاس اعلانیہ فارم پر دستخط کر کے ڈیفالٹ انویسٹمنٹ فنڈ کے علاوہ اپنی پسند کے کسی بھی فنڈ میں سرمایہ کاری کرنے کا اختیار ہے۔

آپ کے سرمایہ کاری شدہ پریمیم کا انتظام ماہر انویسٹمنٹ مینیجرز کے ذریعہ کیا جاتا ہے اور اس کو تقویت پریمیئم فنانشیل سیکورٹیز سے ملتی ہے تا کہ بہترین منافع کو قابل برداشت خطرے کے ساتھ یقینی بنایا جا سکے۔

آپ کے پریمیم منصوبے کی مدت کے دوران سرمایہ کاری پر منافع حاصل کریں گے۔ منتخب شدہ مدت کے اختتام پر، آپ کو اپنی جمع شدہ نقد قیمت یکمشت میں مل جائے گی۔

**نوٹ:** ان فنڈز کی ماضی کی کارکردگی لازمی طور پر ان فنڈز میں سے کسی کی مستقبل کی کارکردگی کی ضمانت نہیں ہے۔
جوبلی لائف کے فنڈ کی یونٹ کی قیمتیں تمام معروف روزناموں اور جوبلی لائف کی ویب سائٹ:
www.jubileelife.com پر شائع ہوتی ہیں۔

## اضافی معلومات:

### جزوی دستبرداری:

کسی ہنگامی ضرورت کو پورا کرنے کے لئے آپ پالیسی سے دستبردار ہوئے بغیر کوئی بھی رقم نکلوا سکتے ہیں جب تک پالیسی کی باقی ماندہ کیش ویلیو *18,000 روپے یا اس سے زیادہ رہے۔ جزوی دستبرداری کا اختیار پالیسی کے دو سال مکمل ہونے اور دو سالانہ پریمیم کی ادائیگی کے بعد دستیاب ہوتا ہے۔

* باقی ماندہ کیش ویلیو کی حد پر جوبلی لائف نظر ثانی کر سکتی ہے۔

### مکمل دستبرداری:

آپ کو پالیسی کے دو سال مکمل ہونے اور دو سالانہ پریمیم کی ادائیگی کے بعد کسی بھی وقت پالیسی سے دستبرداری کا اختیار حاصل ہے۔ دستبرداری پر آپ کو آپ کے فنڈز کی کیش ویلیو کی مکمل ادائیگی کر دی جائیگی۔ بہر حال پالیسی کے ابتدائی سالوں میں دستبرداری کی صورت میں کیش ویلیو میں کمی واقع ہوگی۔

### فری لک عرصہ:

آپ کو 14 دن کا فرِی لک عرصہ دیا جائے گا جس کے دوران آپ پالیسی کی شرائط وضوابط کا جائزہ لے سکتے ہیں اور چاہیں تو پالیسی منسوخ کر سکتے ہیں۔ اگر پالیسی دستاویزات کی رسید کے 14 دن کے اندر تحریری درخواست موصول ہو جاتی ہے تو آپ کا پریمیم واپس کر دیا جائے گا۔ برائے مہربانی اس بات کو نوٹ کر لیں کہ جوبلی لائف طبی معائنے پر ہونے والے اخراجات (اگر کوئی ہوئی تو) کی کٹوتی کی مجاز ہے۔

### افراط زر سے مقابلہ:

افراط زر سے مقابلہ کرنے کے لئے آپ پالیسی میں انڈیکسیشن کا آپشن منتخب کر سکتے ہیں۔ اس آپشن کے تحت، جوبلی لائف انشورنس کی طے کردہ حد کے مطابق پریمیم میں اضافہ ہوتا رہے گا۔ بہر حال آپ کو اس بات کا اختیار ہے کہ آپ انڈیکسیشن کا آپشن مسترد کر دیں۔

## پلان کے حصول کا طریقہ:

جوبلی حوّا پلان حاصل کرنے کے لئے آپ کو ایچ بی ایل کی برانچ میں موجود جوبلی لائف کے نمائندوں کو مندرجہ ذیل مکمل شدہ دستاویزات جمع کرانے ہوں گے:

- شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپی
- مکمل پروپوزل فارم بمعہ دستخط
- دستخط شدہ ڈائریکٹ ڈیبٹ انسٹرکشنز
- دستخط شدہ بیسک فیکٹ شیٹ
- دستخط شدہ پراڈکٹ انٹروڈکشن ڈاکیومنٹ
- اسسمنٹ فارم
- دستخط شدہ السٹریشن

## چارجز:

جوبلی حوّا پلان پر مندرجہ ذیل چارجز* لاگو ہوں گے:

- فنڈز ویلیو کا 1.5% سالانہ انویسٹمنٹ مینجمنٹ چارج
- 145 روپے ماہانہ انتظامی فیس
- 5% بڈ آفر اسپریڈ
- ایس ای سی پی فائلنگ کے مطابق مورٹیلٹی چارجز کا اطلاق
- سوئچنگ / ری ڈائریکشن، 500 روپے اگر فی سال چار سے زائد منتخب کیا گیا ہو

* جوبلی لائف انشورنس تمام معاوضوں پر نظر ثانی کر سکتی ہے۔

## اعلانات:

- یہ پراڈکٹ جوبلی لائف کی جانب سے پیش کی جارہی ہے۔ ایچ بی ایل پاکستان یا اس سے ملحقہ ادارہ اس سے متعلقہ کسی چیز کا ضامن نہیں ہوگا اور نہ ہی یہ پراڈکٹ ایچ بی ایل پاکستان کی جانب سے پیش کی جارہی ہے۔
- جوبلی لائف کے فنڈز کی ماضی کی کارکردگی ضروری نہیں ہے کہ مستقبل کی کارکردگی کی نشاندہی کرے۔ کوئی بھی کی گئی پیشن گوئی ضروری نہیں کہ فنڈز کے مستقبل کی کارکردگی کو ظاہر کرے۔ اس سلسلہ میں نہ تو جوبلی لائف اور نہ ہی ایچ بی ایل پاکستان پر اس کی ذمہ داری عائد ہوگی۔
- ہمارا سیلز کا نمائندہ آپ کو ذاتی السٹریشن فراہم کرے گا۔ براہ کرم دیگر شرائط وضوابط کی تفصیلات جاننے کے لیے السٹریشن میں دیئے گئے نوٹس کا مطالعہ کریں۔

- براہِ کرم دیگر شرائط وضوابط کے تفصیلی جائزے کے لئے پالیسی دستاویزات کا مطالعہ کریں۔
- پالیسی حاصل کرتے وقت بیمہ دار کی عمر 55 سال ہو یا قریب ترین تاریخ پیدائش اسکے قریب ہو تو ضمنی فوائد دیئے جاسکتے ہیں۔
- ایچ بی ایل پاکستان، جوبلی لائف کے لئے تقسیم کار کی حیثیت سے کام کر رہا ہے اور کسی طور پر بھی کسی شخص، بیمہ شدہ فرد یا وارث کو جوابدہ نہیں ہے۔
- جوبلی لائف انشورنس اس بیمہ پالیسی کا انڈررائٹر اور فراہم کنندہ ہے اور پالیسی کی خدمت، لاجمنٹ، پروسیسنگ اور انشورڈ کسٹمرز اور بینیفیشریز کے کلیم کے تصفیہ کا ذمہ دار ہے۔
- سرمایہ کاری کا خطرہ پالیسی ہولڈر برداشت کرے گا اور اصل سرینڈر رویلیو اور میچورٹی ویلیو پروجیکٹڈ ویلیو سے کم یا زیادہ ہوسکتی ہے۔ پالیسی ہولڈر اگر پہلے سے طے شدہ فنڈ کے علاوہ کسی فنڈ میں سرمایہ کاری کرنے کا انتخاب کرتا ہے تو اس کے لیے اعلامیہ پر دستخط کرنا ضروری ہے۔
- براہ کرم بنیادی فنڈ کے ٹارگٹ ایسٹ مکس کی معلومات کے لئے کمپنی کی ویب سائٹ ملاحظہ کیجیئے: (https://www.jubileelife.com/funds-2/fund-manager-reports/)

## رابطہ کی تفصیلات:

شکایت اور مزید تفصیلات کے لئے آپ رابطہ کر سکتے ہیں:

جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ

ہیڈ آفس: A-74/1، لالہ زار ایم ٹی خان روڈ، کراچی، 74000، پاکستان

ٹیلی فون: (021) 32120201, 35205094

فیکس: (021) 35610959

ای میل: info@jubileelife.com

ویب سائٹ: www.jubileelife.com

یواے این: (021) 111 111 554

ایس ایم ایس: اپنا سوال لکھ کر 8554 پر ارسال کریں

حبیب بینک لمیٹڈ

یواے این: 111-111-425

ویب سائٹ: www.hbl.com